ماہنامہ "تجلیاں"

بہ ادارت :- قطب الدین احمد صاحب
مقام اشاعت :- چھتہ بازار، حیدرآباد، دکن (انڈیا)
چندہ سالانہ :- تین روپے آٹھ آنے (فی پرچہ ۵/)

یہ اگرچہ ماہنامہ ہے لیکن اسے "بچوں کا اخبار" قرار دیا گیا ہے۔ اس میں بچوں کے لئے معلومات بڑھانے اور مفید قسم کی تفریحات فراہم کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ کوئی ایسا پہلو اس رسالے میں ہمارے سامنے نہیں آیا جو اسے بچوں کے دوسرے رسالوں سے خاص طور پر ممتاز کرنے والا ہو۔

تین پمفلٹ

(۱) خلافت اسلامی کے چار بنیادی مقاصد - از عبدالرحیم اشرف صاحب قیمت ۳/
(۲) اسلامی معاشرہ کی خصوصیات - از محمد نذیر صاحب مسلم قیمت ۲/
(۳) تہذیب کا نیا دن - از نعیم صدیقی قیمت ۱/

یہ پمفلٹ مکتبۂ تہذیبِ ملت (امین پور بازار، لائل پور) نے شائع کئے ہیں۔ ان میں سے اول الذکرہ کا نفسِ مضمون قراردادِ مقاصد کی روشنی میں ان تبدیلیوں کا تصور دلاتا ہے جو اب پاکستان کے نظامِ حکومت اور اس کی سوسائٹی میں رونما ہونی چاہئیں اور جن کے رونما ہونے ہی کا نام اسلامی نظام کا قیام ہے۔ استدلال کتاب و سنت سے کیا گیا ہے۔ تیسرے پمفلٹ میں کافرانہ نظامِ زندگی کو رات قرار دے کر اس اضطراب کا اظہار کیا گیا ہے جو ایسے نظام کے تحت ایک مسلم کے دل میں پیدا ہونا چاہیئے اور اس کے ساتھ ساتھ پاکستان کے افق سے نظامِ اسلامی کی صبح کے ظہور کا مژدہ سنایا گیا ہے جس سے دلوں کے ولولے متحرک ہو سکتے ہیں۔